## حق پرست عوام شہنشائے غزل مہدی حسن کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔ 13 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شہنشائے غزل مہدی حسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شہنشائے غزل مہدی حسن کی جلد اور مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن مقبول احمد اور قصبہ علیگڑھ کے کارکن محمد خلیل کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔ 13 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 ایلڈرز ونگ کے کارکن مقبول احمد ولد محمد اسرائیل اور قصبہ علیگڑھ یونٹ 125 کے کارکن محمد خلیل ولد نذیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگواران ولواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے بزرگ کارکن مقبول احمد اور قصبہ علیگڑھ کے کارکن محمد خلیل علالت کے باعث انتقال کر گئے۔

## مرحومین کو سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ وتدفین میں ارکان اسمبلی، یوسی ناظمین ودیگر کی شرکت

## مرکزی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔13 فروری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے بزرگ کارکن مقبول احمد ولد محمد اسرائیل اور ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ یونٹ 125 کے کارکن محمد خلیل ولد نذیر احمد گزشتہ روز علالت کے باعث انتقال کر گئے''اناللہ وانا الیہ راجعون''مقبول احمد مرحوم کی عمر 75 سال اور محمد خلیل مرحوم کی عمر 60 سال تھی۔مقبول احمد مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، دوصاحبزادے اور سات صاحبزادیاں جبکہ محمد خلیل مرحوم کے سوگوار میں بیوہ ایک صاحبزادی اور تین صاحبزادے شامل ہیں مرحومین کو بعد نماز جمعہ رحیم شاہ کولونی قبرستان اور الفتح قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومین کی نماز جناہ وتدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی رضا حیدر، منظر امام حق پرست یوسی ناظمین، علاقائی سیکٹر ویونٹس کمیٹی کے ارکان وکارکنان اور مرحومین کے عزیز واقارب میں شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے بزرگ کارکن مقبول احمد اور قصبہ علیگڑھ یونٹ 125 کے کارکن محمد خلیل کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔علاوں ازیں مقبول احمد مرحوم کا سوئم ہفتہ کو بعد نماز ظہر جامع مسجد قادری ملت کالونی اورنگی ٹاؤن میں جبکہ محمد خلیل مرحوم کا سوئم مورخہ 15 فروری 2009ء بروز اتوار بعد نماز ظہر ربی مسجد سیکٹر 10 اورنگی ٹاؤن میں ہوگا جس میں مرحومین کی اروح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔خواتین کیلئے قرآن خوانی کا انتظام مرحومین کی رہائشگاہوں پر کیا جائے گا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پراے پی ایم ایس او جامعہ کراچی اوراین ای ڈی یونٹ کے کارکنان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کر دیا گیا

کراچی۔۔۔13،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرآل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (اے پی ایم ایس او) جامعہ کراچی کے کارکنان اعجاز قریشی ولد ریاض الدین قریشی، محسن شہاب ولد سید شہاب علی اوراے پی ایم ایس او این ای ڈی یونٹ کے کارکن محسن احسان الحق ولد احسان الحق کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## الائیڈ بینک کے صدر دفتر کی لاہور منتقلی کو فی الفور روکا جائے، ادارے میں سرپلس پول کی تشکیل اور غیر روایتی ہتھکنڈوں کے باعث محنت کشوں میں تشویش پائی جارہی ہے، لیبر ڈویژن

### الائیڈ بنک کے محنت کشوں کے نمائندہ وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں لیبر ڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔13، فروری 2009ء۔۔۔الائیڈ بینک کے محنت کشوں کے نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی سے ملاقات کی اور انہیں بینک انتظامیہ کی جانب سے سرپلس پول کی تشکیل اور غیر روایتی ہتھکنڈوں کے باعث محنت کشوں میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں محنت کشوں کے وفد نے بتایا کہ الائیڈ بینک کے صدر دفتر کی لاہور منتقلی کے باعث سینکڑوں خاندانوں کے بچے تعلیم، رہائش اور دیگر مسائل میں مبتلا ہوجائیں گے اور قلیل تنخواہ میں محنت کشوں کی جانب سے اپنا گھر بار چلانا انتہائی مشکل ہوجائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ الائیڈ بینک کے دفتر کی لاہور منتقلی، سرپلس پول کی تشکیل اور غیر روایتی ہتھکنڈوں کے باعث ادارے کے محنت کشوں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے جس کا سدباب کرنا ادارے اور محنت کشوں کی ترقی وخوشحالی کیلئے ضروری ہے۔ لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین نے محنت کشوں کے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ الائیڈ بنک کے صدر دفتر کی لاہور منتقلی کو فی الفور روکا جائے اور سرپلس پول کا خاتمہ کیا جائے۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی، رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکنان، شکارپور زون کی یونٹ کمیٹی کے رکن اور حق پرست تعلقہ کونسلر ٹنڈو آدم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ نیو کراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے کارکن مشتاق احمد کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 کے کارکن اعجاز کی ہمشیرہ محترمہ شبانہ محمود احمد، ایم کیو ایم شکارپور زون یونٹ زرخیل کی یونٹ کمیٹی کے رکن زمان شاہ کے والد سید زین العابدین شاہ اور حق پرست تعلقہ کونسلر ٹنڈو آدم محترمہ ملکہ تمکین کے شوہر عبدالسلیم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## جب تک منگلا ڈیم کے متاثرین آباد نہیں ہوجاتے اس وقت تک منگلا ڈیم میں پانی نہیں بھرے گا، وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار محمد یعقوب

### ایم کیو ایم کے تحت پی ڈبلیو ڈی ریسٹ ہاؤس کے سبزہ زار پر اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب

میرپور۔۔۔13، فروری 2009ء۔۔۔وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے کہ جب تک منگلا ڈیم کے متاثرین آباد نہیں ہوجاتے اس وقت تک منگلا ڈیم میں پانی نہیں بھرے گا پورے میرپور شہر کو ہر حال میں گیس فراہم کریں گے۔ آزاد کشمیر تحریک آزادی کشمیر کا بیس کیمپ ہے جس پر کوئی سودا بازی نہیں ہوسکتی سیاست خدمت کیلئے کررہا ہوں پروٹوکول کلچر ختم کردیا ہے اب کوئی ڈی سی ایس پی استقبال کیلئے نہیں آئے گا اور نہ ہی استقبال کیلئے عوام کو سڑکوں پر لاؤں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ میرپور کے دوران ایم کیو ایم کی طرف سے پی ڈبلیو ڈی ریسٹ ہاؤس کے سبزہ زار پر اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر، وزیر سیاحت، سپورٹس، کلچر وامور نوجوانان طاہر کھوکھر، پی ایم ایل کے سربراہ بیرسٹر سلطان محمود، خاتون وزیر نورین عارف نے بھی خطاب کیا جبکہ استقبالیہ تقریب میں آزاد کشمیر حکومت کے وزراء انوار الحق، راجہ صدیق، شوکت علی شاہ، چوہدری رشید نے بھی شرکت کی۔ اس سے قبل وزیر اعظم جب منگلہ پہنچے تو ایم کیو ایم سمیت دیگر جماعتوں کے کارکنان نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کا پرتپاک استقبال کیا اور منگلہ سے میرپور تک سیکڑوں گاڑیوں کے جلوس کے ساتھ میرپور تک لایا گیا جلوس میں شریک ایم کیو ایم کے کارکنان نے جھنڈے اور بینر پلے کارڈ اور ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ میں آزاد کشمیر کی تمام سیاسی جماعتوں کی اتحادی اور قومی حکومت کا وزیر اعظم ہوں جو کہ منتخب ہوکر آیا ہوں اس لئے کوئی غلط فہمی میں نہ رہے ہم حکومت کرنا جانتے ہیں سونے کا چمچ منہ میں لیکر پیدا نہیں ہوا پیدل سفر کرکے تعلیم حاصل کی ہے انہوں نے کہا کہ ماضی کے حکمران صرف اپنی تشہیر کیلئے میڈیا پر لاکھوں روپے خرچ کرتے رہے اگر وہ یہی پیسہ مقامی میڈیا کو دیتے تو کوئی بات تھی [illegible] سے لوگوں کا

لا کر دیا جا تا رہا اور لوگوں کو چار چار لا کھ روپے مالیت کی شالیں تحفے میں دی گئیں جس کے بعد ہمیں کیا امداد دیتا کہ ہم تو امیر لوگ ہیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میزبان اور ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر، وزیر سیاحت، سپورٹس، کلچر وامور نوجوانان طاہر کھوکھر میر پور کے عوام نے وزیر اعظم کا شاندار استقبال کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ عوام آزاد کشمیر کی موجودہ حکومت کی پشت پر ہیں۔

## وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان کے دورہ میر پور کی جھلکیاں

☆وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان جب منگلہ پہنچے تو ایم کیو ایم سمیت دیگر جماعتوں کے کارکنان نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے شاندار استقبال کیا۔

☆منگلہ سے وزیر اعظم کو ایک بڑے جلوس کے ساتھ میر پور تک لایا گیا جگہ جگہ وزیر اعظم کا استقبال کیا جاتا رہا۔

☆میر پور پہنچے کے بعد وزیر اعظم کا پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی دی۔

☆ایم کیو ایم نے وزیر اعظم کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جس میں پی ایم ایل، مسلم کانفرنس کے رہنماؤں اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کیا۔

☆ایم کیو ایم اور پی ایم ایل کے کارکنان وزیر اعظم کے استقبال میں سرگرم رہے پی پی کے کارکنان نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کا استقبال نہیں کیا اور وزیر اعظم کے استقبال سے مکمل طور پر لاتعلق رہے۔

☆استقبالیہ کے بعد وزیر اعظم آزاد کشمیر وزراء کے ہمراہ وزیر سیاحت کے گھر گئے جہاں ان کے اعزاز میں مختصر سی تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا۔

☆ایم کے ایم کی طرف سے منعقدہ استقبالیہ انتہائی مختصر تھا جس سے خاتون وزیر نورین عارف، پی ایم ایل کے سربراہ، بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور طاہر کھوکھر نے خطاب کیا۔

☆وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں ایم کیو ایم کے کارکنان کا شاندار استقبال پر شکریہ ادا کیا۔

☆وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے اپنے خطاب میں گزشتہ رات وزیر اعظم کے ایک گروپ کی طرف سے بینر اتارنے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا۔

☆ایم کیو ایم کے استقبالیہ کی کوریج کیلئے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا بڑی تعداد میں موجود تھا۔

☆وزیر سیاحت طاہر کھوکھر کے گھر وزیر اعظم نے بچوں کے ساتھ تصاویر بنائی اور ان کو آٹوگراف بھی دیئے۔

☆☆☆☆☆